| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ر‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ر‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ر‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ | **دہرائی**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی ۔ اور ’’ا سے لے کر ذ‘‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ر‘ کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ’شرارتی نو‘ کون سے حروف ہوتے ہیں ۔ اور انہیں کیوں ’شرارتی نو‘ کہتے ہیں ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ر‘ بھی شرارتی نو ہے ۔ اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی یہ حروف تہجی کا پندرھواں حرف ہے ۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ر‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ر‘ کے ذخیرہ الفاظ رس ، رنگ ، روٹی ، رکشہ ، ریڈیو ، رات ، رومال اور ریت کے بارے میں جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ر‘ کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا تختہ سیاہ / سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی ۔ جس پر بچوں کو حرف ’ر‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ر‘ لکھنے کو کہا جائے گا ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 31 کھولنے کو کہا جائے گا ۔ کہ حرف ’ر‘ پر انگلی پھیریں ۔ حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی ۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور مختلف رنگ دیئے جائیں گے جن سے وہ ’ر‘ میں رنگ بھریں گے ۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 31<br>ورک شیٹ رنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف ’ر‘ کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا ۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ر' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ر' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ر' لکھ سکیں ۔ حرف 'ر' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حرف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'ر' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ر' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رنگوں کے بارے میں بات کریں گے ۔ بچوں سے اُن کا پسندیدہ رنگ پوچھا جائے گا ۔ بچوں سے پوچھا جائے گا اُن کو رنگ کرنا پسند ہے ۔ بچوں سے باری باری اُن کے کپڑوں کا، بستوں کا، کرسی کا رنگ پوچھا جائے گا ۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ر' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ا سے لے کر 'ر' تک حروف تہجی کے Puppet Stick Card دیئے جائیں گے ۔ اُس کے ساتھ ایک ڈبہ دیا جائے گا جن میں وہ Sticks لگانی ہوں ۔ بچوں سے کہا جائے گا ا سے لے کر ذ تک ترتیب سے Sticks لگائیں ۔ جب 'ذ' آئے گا تو بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ذ' کے بعد کیا آتا ہے ۔ جب وہ 'ر' اُٹھائیں گے تو اس کا نام اور صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔<br>بچوں کو 'ر' کی ورک شیٹ دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ چاند، تارے کے کٹ آؤٹ لگا کر رات کا منظر بنائیں اور رنگ بھریں ۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ر' لکھنے کی مشق کریں ۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>منٹ | فلیش کارڈ<br><br>پ ب ھ ج چ<br>Puppet Stick Card<br><br>ورک شیٹ چاند، تارا کٹ آؤٹ<br>گلو رنگ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ر' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر ۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ز' لکھ سکیں ۔حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ز' فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام صوتی آواز دہرائی جائے گی ۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ز' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رکشہ کے بارے میں جانیں گے ۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس نے رکشہ دیکھا ہے؟ کون کون رکشے پر سکول آتا ہے؟ رکشے کے کتنے پہیے ہوتے ہیں؟ رکشے کا رنگ کیا ہوتا ہے ۔بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ز' بنائیں ۔اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں جن میں سے ایک میں حروف کی تصاویر کے فلیش کارڈ ہوں گے ۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ز' کی تصاویر کے فلیش کارڈ الگ کریں اُس کا نام بتائیں اور دوسری ٹوکری میں رکھیں ۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ز' سے شروع ہونے والی اشیاء میں رنگ بھریں گے اور 'ز' پر پینسل پھیریں گے ۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈز ، ٹوکریاں ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو ریل، ریت، ریڈیو روٹی کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام اور صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ز' میں رنگ بھریں اور پینسل پھیریں ۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ز‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ز‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ز‘ لکھ سکیں ۔حرف ’ز‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ز‘ کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ز‘ کے مزید الفاظ جانیں گے ۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ریڈیو، رات رومال اور ریت دکھائے جائیں گے۔بچوں سے اُن کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ایک قطار میں کھڑا کر دیجیے اور بتایئے کہ ہم ریل گاڑی کی شکل میں اسکول کا چکر لگائیں اور ٹیچر اُس کا انجن ہوگی ۔انھیں سکول میں گھمایئے کلاس میں واپسی پر پوچھیے کہ انھیں اس سفر میں مزہ آیا۔دوران سفرانھوں نے کیا کیا چیزیں دیکھیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں ۔ بتایئے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ز‘ کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی ’ز‘ کی درست بناوٹ پر پینسل پھیریے اور لکھیے ۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر لکیر کھینچ کر ’ز‘ کی شکل لکھوائیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ز‘ کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ر‘ | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ر‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ر‘ لکھ سکیں ۔حرف ’ر‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’ز‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رس اور روٹی کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ رس اور روٹی دونوں ہی گندم سے بنتے ہیں۔اس لیے ان کی شکل اور ذائقہ فرق ہوتا ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس کو روٹی کھانا پسند ہے اور کس کو رس کھانا پسند ہے؟ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف ’ر‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’ر‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی ۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ر‘ کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ر‘ لکھیں۔ | 3 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>30 منٹ<br><br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>Sand Tray<br><br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ر‘ کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |